ہو اور وہ غریبوں کا خون چوسیں اے اللہ ہمارے اس نقشہ کو بدل دے عالم اسلام پر رحم فرما بوسنیا کشمیر فلسطین چیچنیا تاجکستان اور روسی ریاستوں کے مسلمان منتظر ہیں اے اللہ ہم سب پر رحم فرما ملت اسلامیہ کو بیدار فرما افغانستان کی خانہ جنگی اے اللہ ختم فرما اور پاکستان میں اللہ صحیح اہل مخلص اور دیانت دار لوگوں کو سامنے لائے تاکہ غریبوں کے مسائل حل ہو جائیں اور تمام عالم اسلام کی مشکلات حل فرما اور ان تمام حاضرین کا دامن اپنی بے پایاں رحمتوں سے بھر دے اور کسی کو بھی عید گاہ سے محروم نہ فرما

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

مولانا ضیاء القاسمی صاحب کو صدمہ

پاکستان کے مشہور عالم دین اور نامور خطیب مولانا محمد ضیاء القاسمی صاحب کی والدہ محترمہ ۲۴ فروری کو انتقال کر گئیں۔ **انا للہ وانا الیہ راجعون**۔ دارالعلوم حقانیہ میں مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لئے قرآن خوانی کی گئی۔ دارالعلوم حقانیہ اور ادارہ الحق سوگوار خاندان کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے دست بدعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین

(ادارہ)

ضروری اطلاع

ٹیلیفون نمبرات کی تبدیلی

قارئین کرام! ہمارے نئے ٹیلیفون نمبرات نوٹ فرمائیں۔

نوشہرہ کوڈ: ۰۵۲۳۱ دفتر دارالعلوم حقانیہ ۶۳۰۴۴۵

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مہتمم دارالعلوم حقانیہ ۶۳۰۳۴۰

حضرت مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم دارالعلوم حقانیہ ۶۳۰۳۴۱

مولانا حامد الحق حقانی ۶۳۰۳۴۴

جناب شفیق الدین فاروقی مینجر ماہنامہ الحق ۶۳۰۰۷۴

حافظ راشد الحق سمیع ایگزیکٹیو ایڈیٹر ماہنامہ الحق ۶۳۰۲۴۴